© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆ شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ مدظلہ (اکوڑہ خٹک) کی اہلیہ صاحبہ انتقال کر گئیں۔

☆ جناب سید حباب ترمذی (کراچی) کی اہلیہ ۲ رمئی ۲۰۰۷ء کو انتقال کر گئیں۔ مرحومہ اپریل ۱۹۵۲ء میں جگر مراد آبادی کی سرپرستی میں شاہجہان پور یو پی (انڈیا) سے ماہ نامہ ''سب رنگ'' نکالا کرتی تھیں۔

☆ مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے صدر محمد افضل خان کے بھائی محمد اکرم خان گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے۔

☆ چیچہ وطنی میں مجلس احرار اسلام اور دار العلوم ختم نبوت کے معاون خصوصی جناب رانا محمد لطیف گل کے والدِ گرامی رانا عبد الغفور کا انتقال ہو گیا۔

☆ محمد یوسف کھوکھر مرحوم (چنیوٹ) امیر شریعتؒ کے معتقد۔ ۶ رمئی ۲۰۰۷ء

☆ قاری محمد اختر رحمتہ اللہ علیہ (مہتمم مدرسہ حنفیہ پنجن کسانہ ضلع گجرات) کی ممتاز دینی شخصیت تھے۔ تمام عمر خدمتِ قرآنِ کریم میں بسر کی۔

☆ ہمارے معاون حاجی محمد بشیر صاحب برادر جیولرز اورنگ زیب روڈ بیرون دہلی گیٹ ملتان ۱۱ رمئی ۲۰۰۷ء کو انتقال کر گئے۔

☆ ہمارے معاون حاجی غلام حسین بلوچ ٹمبر مارکیٹ بھٹہ کالونی ملتان ۲۳ رمئی ۲۰۰۷ء کو انتقال کر گئے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت اور جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائے۔ نیز تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ آمین! (ادارہ)






© rasailojaraid.com